© rasailojaraid.com



# کتاب نما

**مطالعہ تصوف، قرآن و سنت کی روشنی میں** ' ڈاکٹر غلام قادر لون۔ ناشر: مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز، دہلی ۶۔ صفحات: ۶۵۰۔ قیمت: ۱۱۰ روپے۔

تصوف کا عنوان اور موضوع اس اعتبار سے مشکل، پیچیدہ اور متنازع رہا ہے کہ کثرت تعبیر کی وجہ سے اسے بعض لوگوں نے اسلام کی روح اور مذہب قرار دیا اور بعض نے اسے غیر اسلامی رہبانیت قرار دے کر مسترد کر دیا۔ بعض لوگوں نے وضاحت کے لیے ''اسلامی تصوف'' اور ''عجمی تصوف'' کی اصطلاحوں کا سہارا لیا۔ شاید اسی مشکل کے پیش نظر زیر نظر کتاب کے عنوان کے ساتھ مصنف نے ''قرآن و سنت کی روشنی میں'' کا لاحقہ لگانا ضروری خیال تھا۔

پی ایچ ڈی کے زیر نظر تحقیقی مقالے میں مصنف نے بڑی کاوش اور محنت کے ساتھ عربی و فارسی کے بنیادی مآخذ کی مدد سے موضوع کی تفصیلات اور اطراف و جوانب پر مہارت و علمیت سے بحث کی ہے۔ وہ تصوف کی مختلف اصطلاحات کو بھی زیر بحث لائے ہیں اور اس کے جملہ پہلوؤں اور تمام قابل ذکر صوفیا کے اقوال اور صوفیانہ رویوں پر بھی کلام کیا ہے۔ باعث اطمینان یہ ہے کہ مصنف نے ہر بات کو قرآن و حدیث کے معیار پر پرکھا ہے۔ مولانا سلطان احمد اصلاحی کے بقول: ''فکر اسلامی کے اس اہم ترین شعبے تصوف کے متعلق وہ پھیلا ہوا مواد، جو اس کتاب کے ذریعے سے سامنے آرہا ہے، غالباً اب تک کے مطبوعہ ذخیرے میں اس کی نظیر ملنی مشکل ہے'' اور ''تصوف سے مثبت وابستگی کے حلقوں کے لیے بھی یہ کتاب دلچسپی سے خالی نہ ہوگی۔ تصوف کی باتیں اس میں جس طرح شرح و بسط کے ساتھ بے آمیز طریقے پر آگئی ہیں، وہ اپنے آپ میں قیمتی ہیں، جن سے ہر شخص، حسب توفیق و صلاحیت فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ اسقاط الوسائط، شطحات، اور رجال الغیب کی بحثیں خاص طور پر دلچسپی کی ہیں جن پر اس قدر وافر مواد غالباً اردو زبان میں پہلی بار سامنے آرہا ہے''۔

ایک اہم موضوع پر یہ بلند پایہ کتاب اچھے اور قابل اطمینان معیار پر شائع کی گئی ہے۔ کتابیات اور اشاریہ بھی شامل ہے۔ گرانی کے دور میں ایسی ارزاں کتاب، شائقین کے لیے ایک نعمت ہے۔

(ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی)

© rasailojaraid.com